بینک دولت پاکستان

شعبہ شماریات اور ڈیٹا وئیر ہاؤس

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ریفرنس نمبرڈی ایس۔ آئی ٹی ایس ڈی-2018ء-026690/18 **06دسمبر2018ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

زرمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز

محترم / محترمہ،

<u>زرمبادلہ کی ماہانہ آمدنی-فارم ای کے اعدادوشمار کا حصول</u>

براہِ کرم مجاز ڈیلرز محولہ بالا موضوع پر ایف ای سرکلر نمبر1 بتاریخ 12 جنوری 2018ء پر توجہ فرمایئے۔ فارم ای کے اعدادوشمار کی حسبِ کوائف دستیابی کے حوالے سے بینکوں کو درپیش مسائل مد نظر رکھتے ہوئے فارم ای کے اعدادوشمار کے حصول کا نفاذ مرحلہ وار ترک کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

2۔ پہلے مرحلے میں بینکوں سے بذریعہ ایس بی پی ڈیٹا ایکوزیشن پورٹل ایک سادہ اور مختصر فارمیٹ پر فارم ای کی بنیادی معلومات حاصل کی جائے گی، جو چند متغیرات کے احاطے پر مبنی ہوگی۔ یہ متغیرات کھیپ کی ترسیل کے موقع پر بآسانی دستیاب ہوں گے۔ دوسرے مرحلے میں انٹرنیشنل ٹرانزیکشن رپورٹنگ سسٹم (آئی ٹی آر ایس) میں لانگ فیڈ فارمیٹ متعلقہ تبدیلیوں کے ساتھ بمطابق ایف ای سرکلر نمبر1، بتاریخ12 جنوری2018ء لاگو کیا جائے گا۔ اس بارے میں ہدایات علیحدہ سے جاری کی جائیں گی۔

3۔ مختصر فارمیٹ کے کوائف ضمیمہ -I میں درج ہیں۔ مجاز ڈیلروں سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے فارم ای کے اعدادوشمار کو مختصر فارمیٹ پر رپورٹ کرنے کا آغاز کردیں۔

الف۔ مہینے کے دوران بینک صرف وہ فارم ای رپورٹ کرنے کے پابند ہیں جن کی کھیپ جاچکی ہو۔

ڈیٹا فائل ان تمام فارم ای پر مشتمل ہوگا، جو WeBOC یا پھر دستی طور پر تیار کردہ ہوں، جن پر منسلک ڈیٹا فائل کوائف کے مطابق اجرائی پلیٹ فارم(WeBOC یا دستی) کا واضح طور پر نشان موجود ہو؛

ب۔ مجاز ڈیلرز منسلک ڈیٹا فائل کے مطابق اعدادوشمار تیار کر کے CSV فارمیٹ میں فراہم کریں گے؛

ج۔ ہیڈ آفس صرف ایک سی ایس وی فائل اپ لوڈ کرے گا جس میں اس کی تمام شاخوں کے اعدادوشمار شامل ہوں گے۔

د۔ اس فارمیٹ پر ڈیٹا ہر ماہ رپورٹ کیا جائے گا۔

ہ۔ ڈیٹا ایکوزیشن پورٹل کے ذریعے اعدادوشمار جمع کرانے کی مقررہ تاریخ متعلقہ ماہ سے اگلے مہینے کی چار تاریخ ہو گی؛

و۔ دسمبر2018ء کے مہینے کے لیے بینک 4 جنوری 2019ء تک رپورٹنگ شروع کر دیں گے:

(ز)ماہانہ بنیادوں پر باقاعدگی سے رپورٹنگ کرنے کے ساتھ 15 دسمبر 2018ءتک درج ذیل مدتوں کے لیے مخصوص فائل فارمیٹ پر ایک بار ڈیٹا جمع کرایا جائے گا:

(i)جولائی2018ءسے نومبر 2018ءکے دوران بھیجی جانے والی کھیپوں سے متعلق فارم ای کے اعداد و شمار۔

(iii)30جون2018ءتک ہونے والی مکمل یا جزوی طور پر واجب الادا برآمدی وصولیوں سے متعلق فارم ای کے اعداد و شمار۔

(4)مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درج بالا ہدایات سے اپنے دائرہ کار میں آنے والے تمام متعلقین کو آگاہ کردیں۔

(5)اس موضوع پر تمام دیگر ہدایات برقرار رہیں گی۔

(6)کسی بھی قسم کی وضاحت کے لیے براہِ کرم درج ذیل شخصیات سے رابطہ کریں۔

(الف)محمد علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر،، فون نمبر 021-32455349، ای میل ایڈریس: ali.siddiqui@sbp.org.pk

(ب)محمد شفیع، جوائنٹ ڈائریکٹر، ,021-32454975، ای میل ایڈریس:shafi.buneri@sbp.org.pk

(ج)غضنفر اعتزاز امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، فون نمبر 021-32454978، ای میل ایڈریس: ghazanfar.aatzaz@sbp.org.pk

(د)ڈیٹا وئیر ہاؤس سپورٹ، فون نمبر،021-32454967، ای میل ایڈریس:dwhsupport@sbp.org.pk

منسلک ضمیمہ -۱

آپ کا مخلص

(عزیز اللہ خٹک)

ڈائریکٹر